ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(824)

28.12.2022

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا پولیس تھانہ مسافر خانہ کا سرپرائز وزٹ، ریکارڈ چیک کیا، سیکیورٹی بہتر بنانے کی ہدایات۔

تفصیل کے مطابق (   ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے گذشتہ رات تھانہ مسافر خانہ کا سرپرائز وزٹ کیا۔وزٹ کے دوران تھانہ میں ریکارڈ، صفائی ستھرائی اور کرائم ریکارڈ چیک کیا۔حوالات میں بند ملزمان اور مقدمات کی تفتیش کی پیش رفت کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ایس ایچ او شیخ اسجد اور محرر نے بریفنگ دی۔اس موقع پر SHO، تفتیشی آفیسران اور محرر کو ہدایت کی کہ وہ تھانہ میں آنے والے سائلین کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں، زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر یکسو کریں اور پولیس گشت کو مزید موثر بنائیں۔اشتہاری ملزمان کی گرفتاری میں مزید تحرک کریں تاکہ ملزمان گرفتار کر کے چالان عدالت کئے جائیں۔سابقہ ریکارڈی اشخاص کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں۔چوری، ڈکیتی، رہزنی کے مقدمات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے شہریوں کا چھینا ہوا مال برآمد کر کے متاثرین کے حوالے کریں۔کسی بھی واردات کی صورت میں ایس ایچ اوز موقع پر جا کر متاثرہ شخص سے مکمل تعاون کریں اور اس کی تسلی و تشفی کرائیں اور میرٹ پر مقدمہ درج کریں۔پولیس کی اولین ڈیوٹی لوگوں کے جان و مال کا تحفظ ہے جس کو یقینی بنانے کے لئے تمام اقدامات کو بروئے کار لایا جائے۔تھانے میں قائم کئے گئے فرنٹ ڈیسک کو چیک کیا اور وہاں کام کرنے والے عملہ کو ہدایت کی کہ وہ فرنٹ ڈیسک پر آنے والے شہریوں سے عزت و احترام سے پیش آئیں اور ان کے معاملے کا فوری اندراج کریں تاکہ اس سسٹم سے لوگوں کو پیش آنے والی دقتوں کا خاتمہ ہو۔حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب کی فرنٹ ڈیسک کے سلسلہ میں جاری کردہ ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا اس سسٹم سے لوگوں اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو کم کرنے میں مدد ملے گی اور لوگوں پر پولیس کا اعتماد بحال ہوگا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا پولیس تھانہ مسافر خانہ کا سرپرائز وزٹ، ریکارڈ چیک کیا.

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (825)

28.12.2022

بہاول پور() پولیس تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ کی کامیاب کارروائی۔موٹرسائیکل چوری وسرقہ بالجبر کی وارداتوں میں ملوث رمضان عرف رمضانی گینگز کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار،نقدی رقم 02لاکھ روپے سے زائد اور لاکھوں روپے مالیتی کے 11 سرقہ شدہ موٹرسائیکل برآمد،ملزمان سے مزید انٹروگیشن جاری، وارداتوں کے دوران استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ 04پسٹل 30 بور بھی برآمد،دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور جرائم پر قابو پانا ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی "عوام خدمت پالیسی" کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی قیادت اور کامیاب پولیسنگ کے تحت نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے،تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس کی کامیاب کارروائی۔اے ایس پی سرکل احمد پور شرقیہ کی سربراہی میں اور ایس ایچ او تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ سجاد احمد کی تفتیشی آفیسر سردار محمد سب انسپکٹر معہ ملازمان پر مشتمل ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لیتے ہوئے شب روز کی محنت سے موٹرسائیکل چوری اور سرقہ بالجبر کی متعدد مقدمات میں ملوث رمضانی اور رمضانی گینگز کے سرغنہ کو 03 ساتھی ملزمان سمیت گرفتار کرلیا،گرفتار ملزمان میں رمضان ، جمعہ خان ،فہیم اور نبیل شامل ہیں۔ملزمان نے دوران انٹروگیشن تھانہ احمد پور شرقیہ کے علاوہ ضلع مظفرگڑھ کی تحصیل علی پور اور پنجاب کے دیگر اضلاع میں بھی سرقہ بالجبر کے متعدد مقدمات میں ملوث ہونے کا اعتراف بھی کیا، جبکہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ 04پسٹل 30 بور برآمد کرکے الگ الگ مقدمات درج کرلیے۔ملزمان سے مزید انٹروگیشن جاری ہے اور اہم انکشافات متوقع ہیں،ملزمان کی نشاندہی پر نقدی 02لاکھ 05ہزار روپے سے زائد اور 11 عدد سرقہ شدہ موٹرسائیکل برآمد کرلیے، بازیافتہ مال مسروقہ کو قانونی طریقہ کار کے بعد اصل مالکان کے حوالے کردیا گیا،ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ بلاشبہ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ کی یہ ایک اہم کارروائی ہے، بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کررہی ہے، اگر کوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو اس کو ٹریس کرنا اور شہریوں کا لوٹا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک اہم ٹاسک ہوتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: پولیس تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ نے موٹرسائیکل چوری وسرقہ بالجبر کی وارداتوں میں ملوث رمضان عرف رمضانی گینگز کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار، چوری شدہ 11 موٹرسائیکل برآمد۔